© rasailojaraid.com



خدمات کے حوالے سے متعدد کتابیں منظرِ عام پر آئیں۔ زیرِ نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ کتاب کا موضوع صوبہٴ بلوچستان کے حوالے سے محترمہ فاطمہ جناح کی یادوں اور خدمات کا احاطہ ہے۔ ایک حصّے میں محترمہ کی اُن سرگرمیوں (مختلف علاقوں کے دوروں' عوامی و سیاسی اجتماعات میں شرکت اور عوام سے خطاب) کی تفصیل فراہم کی گئی ہے جن کا تعلق صوبہٴ بلوچستان سے ہے۔ دوسرے حصّے میں محترمہ فاطمہ جناح سے متعلّق بلوچستان کے اہلِ قلم کے مضامین و منظومات شامل ہیں۔ اس کتاب کے خاص مشمولات درج ذیل ہیں:

۱- جولائی ۱۹۴۳ء میں کوئٹہ میں خواتینِ بلوچستان مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی روداد اور تقریریں۔ اس اجلاس میں محترمہ فاطمہ جناح بھی شریک تھیں۔ مولف نے یہ تفصیلات ہفتہ وار الاسلام (کوئٹہ' خواتین نمبر) بابت ۷/رجب ۱۱ جولائی ۱۹۴۳ء سے حاصل کی ہیں۔

۲- ''مادرِ ملت بلوچستان میں---قدم بہ قدم'' کی توقیت بھی اہم ہے۔

۳- بیرسٹر یحییٰ بختیار اور قاضی محمد عیسیٰ سے محترمہ فاطمہ جناح کی مراسلت۔

کتاب کے مولف کسی تعارف کے محتاج نہیں ہے۔ وہ اس سے قبل کئی علمی و ادبی تصنیفات و تالیفات اُردو دنیا کو دے چکے ہیں۔ تازہ کتاب بھی ان کے معیارِ قلم کی روایت کا حصّہ سمجھی جانی چاہیے۔(رفاقت علی شاہد)

**اسلام' انٹرنیٹ پر'** محمد متین خالد۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز' ۳۴- اُردو بازار لاہور۔ صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔

انٹرنیٹ دورِ جدید کی انتہائی اہم دریافت و ایجاد ہے۔ اس نے فاصلے ختم کر دیے ہیں اور رابطوں کے اخراجات میں بھی غیر معمولی کمی کر دی ہے۔ مذکورہ کتاب میں انٹرنیٹ کے بارے میں تعارفی مضامین کے علاوہ درجنوں سائٹس کا سرسری تعارف بھی شامل ہے جو اسلام' اسلامی تعلیمات' قرآن' حدیث' فقہ' تاریخ' مسلم دنیا اور مسلمانوں کے وسائل وغیرہ کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہیں۔

ایک طرف تو انٹرنیٹ کے ذریعے انارکی' خلفشار اور فحاشی کو پھیلانے کا کام وسیع پیمانے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر ہو رہا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایسی سائٹس کا قیام خوش آیند ہے جو اسلام کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے قائم ہوئی ہیں' متین خالد نے محنت شاقہ کے بعد اہم سائٹس کے کوائف اس کتاب میں جمع کر دیے ہیں۔ ایسی سائٹس بھی موجود ہیں جہاں سے آپ قرآن پاک اٹھارہ زبانوں میں حاصل (ڈاؤن لوڈ) کر سکتے ہیں' اسی طرح اسلامی تاریخ کے تمام واقعات کی تفصیلات جان سکتے ہیں' روزمرہ مسائل کا شرعی حل جان سکتے ہیں اور کعبۃ اللہ اور مسجد نبویؐ کی اذان سن سکتے ہیں وغیرہ۔

اس کتاب کا ایک اور قابلِ تعریف پہلو یہ بھی ہے کہ مصنف نے اپنی حد تک قادیانیوں کی اور یہودیوں کی سائٹس کے پتے بھی دیے ہیں تاکہ ایسی اسلام دشمن طاقتوں سے آگاہی ہو سکے۔ موجودہ دور کی ضروریات کے اعتبار سے یہ ایک قابلِ قدر کتاب ہے۔(محمد ایوب منیر)

**ربا کیس:** حکومتی وکلا کے دلائل کا جواب' سید معروف شاہ شیرازی۔ ناشر: منشورات اسلامی بالمقابل منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۶۰ روپے۔

آئینِ پاکستان میں متفقہ طور پر قرآن و سنت کو سپریم لا قرار دیا گیا ہے لیکن اقتدار کی راہداریوں میں براجمان بیوروکریسی' اس آئین کی جس طرح بے حُرمتی کرتی چلی آ رہی ہے اس کی ایک جھلک فاضل مصنف نے زیرنظر کتاب میں دکھائی ہے۔

جون ۲۰۰۲ء میں سپریم کورٹ نے ربا کیس کی سماعت کی۔ اس موقع پر سودی نظام کے حق میں حکومتی وکیل کاظم رضا اور یونائیٹڈ بنک کے وکیل راجا اکرم نے دلائل دیے۔ مصنف نے ان دلائل پر بحث کرتے ہوئے بتایا ہے کہ یہ قرآن و سنت سے متصادم ہیں اور اس معاملے میں حکومتی بدنیتی واضح ہوتی ہے۔ مصنف نے بتایا ہے کہ دنیا بھر میں سود سے نجات کے لیے کوشش اور تجربے ہو رہے ہیں' مثلاً: جاپان نے سود زیرو کے قریب کر دیا ہے اور دوسرے ممالک کو صنعت کے لیے ایک فی صد یا اعشاریہ ۵ فی صد پر قرض دے رہا ہے (ص ۴۷)۔ سوڈان میں جاری اسلامی بنک کاری' پاکستان کی اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹوں اور پاکستان کے تجویز کردہ ماڈل پر مبنی ہے (ص ۸۱)۔ اسی طرح بعض دیگر اسلامی ممالک (بنگلہ دیش وغیرہ) میں بھی

© rasailojaraid.com